97918-بڑی بیٹی کی شادی ہونے تک چھوٹی کی شادی نہ کرنا

سوال

کیا باپ پر واجب ہے کہ بڑی بیٹی کی شادی ہونے تک چھوٹی بیٹی کی شادی نہ ہونے دے ؟

پسندیدہ جواب

اگر چھوٹی بیٹی کا رشتہ آئے تو باپ کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس وجہ سے اس کی شادی نہ کرے اور رشتہ رد کر دے کہ جب تک بڑی بیٹی کی شادی نہیں ہوتی وہ اس کی شادی نہیں کریگا.

یہ ان رسم ورواج اور عادات میں شامل ہے جس کی شریعت اسلامیہ میں کوئی دلیل نہیں پائی جاتی، لوگوں کا خیال ہے کہ ایسا کرنے سے بڑی بیٹی کے لیے نقصاندہ ہے، اگر یہ بات صحیح ہو تو پھر ایسا کرنے سے تو چھوٹی بیٹی کو نقصان ہوتا ہے.

اور پھر نقصان اور ضرر نقصان و ضرر سے دور اور زائل نہیں ہوتا".